20338- عصر کے بعد نماز قضاء کرنی

سوال

نماز عصر کے فورا بعد نماز قضاء کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جس کسی شخص کی بھی نیندیا بھول جانے کی بنا پر فرضی نماز رہ جائے تو جب بھی یاد آئے اسی وقت اس کی قضاء کرنی واجب ہوگی، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جو کوئی بھی نماز بھول جائے یا اس سے سویا رہے تو جب بھی یاد آئے اسی وقت نماز ادا کرے، اس کے علاوہ اس کا کوئی کفارہ نہیں"

صحیح بخاری حدیث نمبر (572) صحیح مسلم حدیث نمبر (1564).

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے ظہر کی سنتوں کی قضاء نماز عصر کے بعد ادا کی تھی.

صحیح بخاری حدیث نمبر (4370) صحیح مسلم حدیث نمبر (834).

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

فوت شدہ سنتوں کی قضاء کرنے میں یہ صریح حدیث ہے، چنانچہ فرضوں کی قضاء تو بالاولی ہوگی.

چنانچہ اگر کوئی شخص نماز سے سویا رہے یا پھر وہ نماز ادا کرنا بھول جائے اور اسے نماز عصر کے بعد یاد آئے تو اس پر اس وقت نماز ادا کرنا واجب ہوگی.

واللہ اعلم.